## سوال

سعودیۃ

## جواب

غیر مسلموں کو دعوت دینے کا طریقہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ غیر مسلموں کو دعوت دینے کی ابتداء کس طرح کی جائے ،اس حوالے سے اگر آپ کے پاس کوئی مواد ہو تو برائے مہربانی مجھے بھیج دیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اسلام میں دعوت دین کی مکمل تعلیم دی گئی ہے ۔ دعوت دین محض زبانی جمع خرچ نہیں ہے ۔ دعوت کا کام ہر حال میں ہوتا ہے ۔ قلت میں کثرت میں، حکومت ہو تب بھی نہ ہو تب بھی، کمزور ہوں تب بھی، طاقت ور ہوں تب بھی ۔ اسلامی تعلیمات میں دعوت دین کے لیے مکمل رہنمائی موجود ہے ۔ اوران کے اندر دعوت دین کے لیے مکمل منصوبہ عمل ہے ۔ دعوت دین صرف تقریر کرنے کا نام نہیں ہے نہ بلاغ کا نام ہے ۔ دعوت دین دراصل فروغ دین کی وہ عملی تعلیمی تربیتی اوراجتمائی جدوجہد ہے جس سے دین کو فروغ حاصل ہوتا ہے اور رضائے الٰہی کے حصول کے لیے فرد وسماج کی تعمیر سازی کا کام ہوتا ہے ۔ دعوت دین دراصل دین کواپنے اوپر اور سماج کے اوپر امکانی حد تک رضا کارانہ طور پر عملاً لاگو کرنے اور لاگو کرانے کی دعوت دینے کا نام ہے ۔ دعوت کے پیچھے تعلیم تزکیہ امر بالمعروف نہی عن المنکر، اصلاح ذات بین، اصلاح فساد، اجتماعی عملی جدوجہد ہوتی ہے ۔ اوراجتماعی عمل میں عملی وفکری یکسانیت، باہمی خوشگوار تعلقات اور کارد عوت کرنے والوں کے درمیان برادرانہ رشتہ اور روز بہ روز خود ان کی درستگی و عملی ترقی شامل ہے ۔ دعوت دین میں داخل ہے دین کا بہترین فہم اوراخلاص کے ساتھ کام کرنے کا جذبہ، ذوق عبادت کی نشونما اور خدمت خلق کی لگن ۔ راہ عمل میں لگاتار لگ کر محنت کرنا جذبات وقت اور مال کی قربانی دینے کے ساتھ اذیتوں پر صبر کرنا ہے ۔ مزید تفصیل کے لئے درج ذیل لنک دیکھیں ۔ http://urdunama.org/forum/viewtopic.php?f=11&t=1473 ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی